## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور صدر آصف علی زرداری کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ

### دونوں رہنماؤں میں ملک کی صورتحال خصوصاً کراچی میں امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی بات چیت

### جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری کو گینگ وار و کالعدم امن کمیٹی کے جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن اور انکے بھائی کی شہادت کے واقعہ کی تفصیلات سے آگاہ کیا

### صدر پاکستان آصف علی زرداری نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ کراچی جا کر امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے میٹنگ کریں گے

لندن:۔۔۔29، مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور صدرِ پاکستان آصف علی زرداری کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ ہوا۔ دونوں رہنماؤں میں ملک کی صورتحال خصوصاً کراچی میں امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری کو کالعدم امن کمیٹی کے غنڈہ عناصر کی جانب سے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار اور انکے بھائی مسعود مختار کی شہادت کے واقعہ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ صدر پاکستان آصف علی زرداری نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وہ کراچی جا کر امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے میٹنگ کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان کی خیریت دریافت کی۔

## کوئٹہ مسافر وین پر دہشت گردوں کی فائرنگ بدترین دہشت گردی ہے، جناب الطاف حسین کی اظہار مذمت

### صدر، وزیراعظم اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کوئٹہ مسافر وین پر فائرنگ کا نوٹس لیا جائے

لندن۔۔۔۔29 مارچ، 2012

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے کوئٹہ کے علاقے اسپینی روڈ پر مسافر وین پر فائرنگ کر کے معصوم مسافروں کو ہلاک و زخمی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے بدترین دہشت گردی اور انسانیت سوز واقعہ قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے واقعہ میں شہید ہونے والے افراد کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور زخمی ہونیوالے افراد کو جلد صحت یابی عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ بلوچستان اسلم رئیسانی سے مطالبہ کیا کہ اسپینی روڈ پر مسافر وین پر فائرنگ کا نوٹس لیا جائے اور اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائے۔

## ایبٹ آباد کے علاقے جوئیہ میں ویگن کھائی میں گرنے کے نتیجے میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔29 مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایبٹ کے علاقے جوئیہ میں ویگن کھائی میں گرنے کے نتیجے میں متعدد افراد کی ہلاکت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر وجمیل عطا فرمائے۔ (آمین) جناب الطاف حسین نے زخمی ہونے والے افراد کے لئے جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم پی آئی بی کالونی کے سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار شہید اور ان کے بھائی مسعود مختار شہید کی فاتحہ سوئم

### سوئم کے اجتماع میں رابطہ کمیٹی، منتخب اراکین پارلیمنٹرین، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور عزیز و اقارب کی شرکت

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ پی آئی بی کالونی کے سیکٹر ممبر منصور مختار اور ان کے بھائی مسعود مختار کا سوئم جمعرات کو ان کی رہائش گاہ واقع پریس کوارٹر پی آئی بی میں ہوا جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین

توصیف خانزادہ، یوسف شاہوانی ،نیک محمد،سید شاکر علی، قاسم علی رضا ، واسع جلیل ،حق پرست صوبائی وزراء ، ارکان اسمبلی ، کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج و اراکین ،ایلڈرز ونگ،اے پی ایم ایس او،لیبر ڈویژن، پی آئی بی کالونی سیکٹر کمیٹی کے ارکان وذیلی یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان کے علاوہ شہداء کے عزیز واقارب نے بہت بڑی تعداد نے شرکت کی ۔اس موقع پر منصور مختار شہید اور مسعود مختار شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی مغفرت،ان کے درجات کی بلندی،سوگواران کے صبر جمیل سمیت ملک کی سلامتی ،دہشت گردی کے خاتمے ، ایم کیوایم کی کامیابی، سازشوں کے خاتمے،اسیروں کی رہائی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمرصحت وتندرستی کیلئے اجتماعی دعائیں بھی کی گئیں۔واضح رہے کہ پی آئی بی کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختاراوران کے بھائی مسعودمختار کو منگل کی صبح گینگ وار کے احمد علی مگسی و دیگر جرائم پیشہ دہشت گردوں نے گھر میں گھس کراندھادھند فائرنگ کر کے شہید کر دیا تھا جونشاندہی کے باوجود آج تک قانون کی گرفت سے محفوظ ہیں۔

## کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنوں کے بہیمانہ قتل کے بعد شہر میں ہونے والے عوامی احتجاج میں بعض ٹی وی اینکرز کی جانب سے ایم کیوایم کوملوث کرنے پررابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

## احتجاج اور گھیراؤ جلاؤ کو ایم کیوایم کے کھاتے میں ڈال کر ملک بھر کے عوام میں ایم کیوایم کے بارے میں منفی تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

## کسی کو بھی تعصب کا نشانہ بنانے کے بجائے جوحقیقت ہے وہ عوام کے سامنے پیش کریں

کراچی۔۔۔29مارچ،2012

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں ایم کیوایم کے دوکارکنوں کے بہیمانہ قتل کے بعد شہر میں ہونے والے عوامی احتجاج میں بعض ٹی وی اینکرز کی جانب سے ایم کیوایم کو ملوث کرنے پر سخت افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب کے مختلف شہروں میں طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف پرعوام کے جانب سے احتجاج کیا جارہا ہے جس کے دوران سرکاری املاک، گاڑیوں کونذرآتش کرنے اور جلاؤ گھیراؤ کا سلسلہ جاری ہے جس پر بعض ٹی وی اینکرز کی جانب سے مذمت کے دولفظ بھی نہیں کہے گئے بلکہ وہ اسے عوامی ردعمل اور عوام کا غم وغصہ قرار دے رہے ہیں لیکن کراچی میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے مقامی رہنمااوراس کے بھائی کو گھر میں گھس کر بیدردی سے فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا اوراس کی بھابھی کوزخمی کر دیا۔اس واقعہ پر ہونے والے احتجاج اور گھیراؤ جلاؤ کو بعض متعصب اینکرز اور تجزیہ نگار ایم کیوایم کے کھاتے میں ڈال رہے ہیں اوراس طرح ملک بھر کے عوام میں ایم کیوایم کے بارے میں منفی تاثر پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دنیا جانتی ہے کہ ایم کیوایم نے کراچی میں مزار قائد پر لاکھوں خواتین کا جلسہ منعقد کیا جس میں کسی قسم کی لاقانونیت یاامن وامان کی خرابی نظر نہیں آئی اور کراچی کی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں نے ایک بار پھرایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اپنے بھر پور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے اینکر پرسنز اور تجزیہ نگاروں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں پہلے ہی لسانی نفرت اور عصبیت پروان چڑھ رہی ہے لہٰذا وہ کسی کو بھی تعصب کا نشانہ بنانے کے بجائے جوحقیقت ہے وہ عوام کے سامنے پیش کریں اور نفرتوں کوختم کرنے اور بھائی چارگی کی فضاء قائم کرنے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔

## منصور مختار اور مسعود مختار کے قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے،اراکین سندھ اسمبلی

## کراچی کے حالات کو سوچی سمجھی سازش کے تحت گینگ وار کے دہشت گردوں کے ذریعے خراب کیا جارہا ہے

کراچی:۔۔۔29،مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گینگ وار کے جرائم پیشہ دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار،ان کے بھائی مسعود دمختار کو گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے شہید اور بھابھی عظمیٰ مسعود کو زخمی کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گینگ وار کے دہشت گرد احمد علی مگسی ودیگر دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ گینگ وار کے دہشت گردوں کی جانب سے ایم کیوایم سیکٹر کمیٹی کے رکن منصور مختار شہید کو منصور مختار،ان کے بھائی مسعود مختار کو گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے شہید اور بھابھی اعظمٰی مسعود کو شدید زخمی کرنے کا واقعہ بدترین دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت کراچی کے حالات خراب کیے جارہے ہیں اور منصور مختار سمیت ان کے بھائی مسعود مختار کا بہیمانہ قتل اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد شہریوں کو خصوصاً ایم کیوایم کے کارکنان میں خوف وہراس پیدا کر کے انہیں ایم کیوایم سے دور رکھنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب شہر میں گینگ وار کے دہشت گرد سرعام گھر میں گھس کر ایم کیوایم کے کارکنان اوران کے اہلخانہ کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں جبکہ دوسری جانب پولیس وانتظامیہ جرائم پیشہ گینگ وار کے دہشت گردوں کو گرفتار کرنے میں پوری طرح بے بس اور ناکام نظر آتی ہے جوامن پسند شہریوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔اراکین

سندھ اسمبلی نے دہشت گردی میں شہید ہونیوالے منصور مختار، مسعود مختار کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور فائرنگ سے زخمی ہونے والی ان کی بھابھی عظمیٰ مسعود کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ منصور مختار ان کے بھائی مسعود مختار کو فائرنگ کرکے شہید اور بھابھی عظمیٰ مسعود کو زخمی کرنے کے واقعہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، گینگ وار کے دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کے عذاب سے قوم کو نجات دلانے کے لئے ٹھوس اور سنجیدہ اقدامات کئے جائیں، زاہد ملک

### عوام کو درپیش شدید مشکل کا فی الفور نوٹس لے کر سنجیدہ اور ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں

### ایم کیو ایم سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن کی راولپنڈی زون، اسلام آباد زون وار اکین زونل کمیٹی کے ہمراہ نیشنل پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد:۔۔۔۔29 مارچ، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن زاہد ملک نے ملک میں غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کے مسئلہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ قوم کو اس عذاب سے نجات دلانے کے لئے ٹھوس اور سنجیدہ اقدامات کئے جائیں، مرکزی حکومت کو چاہئے کہ وہ پنجاب کے ان عوامی مسائل اور صنعتی ترقی کے لئے رہنمائی اور مدد فراہم کرے۔ تاکہ صنعتکاروں، مزدوروں اور عوام کی پریشانی حل ہو، ان کے روزگار کا سلسلہ چلے اور عوامی سطح پر بے چینی کا خاتمہ ہو۔ جمعرات کو ایم کیو ایم راولپنڈی زون کے جوائنٹ انچارج متین خان، اسلام آباد کے انچارج یاسر ملک اور رکن زونل کمیٹی راجہ آفتاب کے ہمراہ نیشنل پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک میں جمہوری حکومت کے چار سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ عوام کو جمہوریت اور جمہوری نظام اور اس کے نمائندوں و جماعتوں سے بہت زیادہ امیدیں وابستہ ہیں اور عوام کو یہ حق ہے کہ وہ اپنے منتخب کردہ نمائندوں سے یہ توقع اور امید رکھیں کہ ان کی امیدوں اور خواہشات کو پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے مطالبات اور خواہشات اور امنگوں میں ان کے ساتھ ہیں اور قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں پاکستان کے عوام کی خواہشات اور امنگوں کی تکمیل اور مسائل و مشکلات کے حل کے لئے ہمیشہ اپنا بھرپور سیاسی، جمہوری اور پارلیمانی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام کو اس وقت جن مسائل کا سامنا ہے ان میں سرفہرست توانائی کا بحران ہے اور بجلی کی طویل اور غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے عوام کا جینا دوبھر ہوگیا ہے۔ یہ ایک سنجیدہ اور تکلیف دہ صورتحال ہے اور حالات کا تقاضا ہے کہ اس صورتحال اور عوام کو درپیش شدید مشکل کا فی الفور نوٹس لے کر سنجیدہ اور ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ صرف توانائی ہی کا بحران ایک مسئلہ نہیں بلکہ مہنگائی اور بیروزگاری کی وجہ سے بھی عوام کو مشکلات کا سامنا ہے لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ بعض سیاسی قائدین عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کے بجائے اور اپنی ذمہ داریوں کو قومی تقاضوں اور عوامی امنگوں کے مطابق پورا کرنے کے بجائے ایسے منفی ہتھکنڈوں کو اختیار کیئے ہوئے ہیں جن کی وجہ سے پہلے سے تکالیف کا شکار عوام کیے دکھوں اور مصائب میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ زاہد ملک نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے منتخب نمائندے متعدد بار پارلیمنٹ میں حکومتی نمائندوں کی بجلی کی لوڈشیڈنگ سے عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور غم و غصہ کے متعلق توجہ دلاتی رہے ہے اور ہر فورم پر آواز احتجاج بھی بلند کرتی رہی ہے۔ بجلی کے مسلسل بحران کے باعث پنجاب بھر خصوصا لاہور، گجرانوالہ، فیصل آباد سمیت دیگر شہروں کے عوام کی زندگیاں اجیرن بن چکی ہیں اور حکومتی دعووں کے باوجود بجلی کی لوڈشیڈنگ کا نہ صرف جاری رہنا بلکہ اس میں مزید تسلسل کے ساتھ اضافہ ہونا قابل افسوس ہے جبکہ توانائی کا بحران قومی مسئلہ ہے اور اس پر سنجیدہ اور عملی اقدامات کرنا ارباب اختیار و اقتدار کے بنیادی فرائض میں شامل ہے لیکن افسوس کہ اس عوامی مسئلہ پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے۔ ایم کیو ایم کے رہنما نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ اسلام آباد کے علاوہ راولپنڈی سمیت پنجاب کے دیگر بڑے شہروں خصوصا لاہور گجرانوالہ، فیصل آباد اور دیگر علاقوں میں بجلی کی غیراعلانیہ اور طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کے باعث فیکٹریوں اور صنعتوں کی بندش کے اثرات ملک و قوم کے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں اور یہ عمل ترقی کے بجائے ملک و قوم کی تنزلی کے برابر ہوگا۔ ہم آج کی پریس کانفرنس کے توسط سے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ملک بھر میں بجلی کی غیراعلانیہ اور طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے فی الفور سنجیدہ اقدامات کئے جائیں اور ملک بھر کے عوام کو جلد از جلد بجلی کے بحران سے نجات دلائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں قائم صنعتوں سے نہ صرف ملک کی صنعتی ترقی منسلک ہے بلکہ لاکھوں مزدوروں کا روزگار بھی وابستہ ہے۔ لاکھوں خاندان یومیہ اجرت حاصل کرکے اپنا گزر بسر کرتے ہیں۔ بجلی کے بحران کی وجہ سے ایسے لاکھوں خاندانوں کا متاثر ہونا لمحہ فکریہ ہے جس کی وجہ

سے عوامی سطح پر بے چینی کی شدید لہر جاری ہے اور ملک میں غربت کی شرح میں اضافہ کا بھی باعث بن رہی ہے۔ہم ان متاثرہ مزدوروں کے ساتھ یک جہتی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلاتے ہیں کہ ایم کیوایم ان کے مسائل کے حل کے لئے اپنا سیاسی، جمہوری اور پارلیمانی کردار ادا کرتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ صورتحال اس امر کی متقاضی ہے کہ ایک دوسرے پر الزام تراشی کے بجائے عوامی مسائل کے حل کے لئے اجتماعی سوچ اور طرزِ عمل کو اختیار کیا جائے تا کہ عوام کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات ملے۔زاہد ملک نے کہا کہ وفاق کی ذمہ داری ہے کہ وہ ملک بھر کی طرح صوبہ پنجاب میں لاکھوں مزدوروں، ملکی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لئے بجلی کے بحران کے خاتمے میں اقدامات کرے۔مرکزی حکومت کو چاہیئے کہ وہ پنجاب کے ان عوامی مسائل اور صنعتی ترقی کے لئے رہنمائی اور مدد فراہم کرے۔تا کہ صنعتکاروں، مزدوروں اور عوام کی پریشانی حل ہو، ان کے روزگار کا سلسلہ چلے اور عوامی سطح پر بے چینی کا خاتمہ ہو۔

## سازشی عناصر ایک مرتبہ پھر سندھ دھرتی کے امن وامان کو تباہ کرنے کی سازشیں کرنے لگے ہیں، ایم کیوایم میرپورخاص

نمائندہ۔۔۔29مارچ2012ء

سازشی عناصر ایک مرتبہ پھر سندھ دھرتی کے امن وامان کو تباہ کرنے کی سازشیں کرنے لگے۔یہ بات ایم کیوایم میرپورخاص کے جوائنٹ زونل انچارج محمد عارف اور محمد خالد مجید نے زونل آفس پر جمع ہونے والے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہی انہوں نے کارکنوں کو امن وامان بحال رکھنے کے لیئے انتظامیہ کی مدد کرنے اور سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ صدیوں سے ہاریوں کسانوں اور غریب مزدوروں کو غلام بنا کر رکھنے والے ظالم جاگیردار اور سرمایہ دار کبھی یہ نہیں چاہیں گے کہ ایم کیوایم غریب مزدوروں اور مظلوم ہاریوں کو غلامی کی زندگی سے آزاد کروا کر انہیں ایک باعزت زندگی مہیا کرے اور سندھ دھرتی میں بھائی چارگی اور پیار ومحبت کے پھول کھلیں لہذا جاگیردار، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے ایجنٹ ایک مرتبہ پھر لسانیت کو بنیاد بنا کر سندھ دھرتی کے باسیوں میں نفرتیں پیدا کرنے کے لیئے سرگرم ہو چکے ہیں اب ہمیں صبر وہمت سے کام لیکر انکی ہر سازش کو ناکام بنا ہوگا اور قائد تحریک الطاف حُسین بھائی کی جانب سے دی گئی ایک ایک ہدایت پر عمل کر کے ہی امن وامان اور پیار ومحبت کا ماحول پیدا کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆